مال تجارت کی قیمت کم ہو گئی تو زکوۃ کس قیمت سے ادا کی جائے؟

ریفرنس نمبر:IEC-0167 تاریخ:29-02-2024

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ زید نے ایک نجی سوسائٹی کے قریب تقریباً 1 کروڑ روپے کا پلاٹ بیچنے کی غرض سے لیا تھا اور اب بھی وہ اپنی اسی نیت پر قائم ہے، لیکن اب سال کے اِختتام پر اس پلاٹ کی قیمت کم ہو کر تقریباً 50 لاکھ روپے رہ گئی ہے، یہ ارشاد فرمائیں کہ اس پلاٹ کی زکوۃ کس حساب سے نکالی جائے گی؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بیچنے کی نیت سے خریدی جانے والی چیز کو مالِ تجارت کہتے ہیں، اور شرعی مسئلہ یہ ہے کہ سال گزرنے پر مالِ تجارت کی مارکیٹ میں جو قیمت ہو گی اسی کا اعتبار کرتے ہوئے زکوۃ ادا کی جائے گی۔ پوچھی گئی صورت میں اگر واقعی مذکورہ پلاٹ کی مارکیٹ ویلیو سال کے اختتام پر 1 کروڑ سے کم ہو کر 50 لاکھ روپے ہو چکی ہے تو اسی مالیت پر زکوۃ ادا کرنا فرض ہو گا۔

جیسا کہ فتاوی ہندیہ میں ہے: ”تعتبر القیمۃ عند حولان الحول“ یعنی: سال کے اختتام پر مال کی جو قیمت ہے اس قیمت کا اعتبار ہو گا۔

(فتاوی ھندیہ، جلد 1، صفحہ 179، مطبوعہ کوئٹہ)

سیدی اعلی حضرت، امام اہلسنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فرماتے ہیں: ”تجارت کی نہ لاگت پر زکوٰۃ ہے نہ صرف منافع پر، بلکہ سال تمام کے وقت جو زر منافع ہے اور باقی مالِ تجارت

کی جو قیمت اس وقت بازار کے بھاؤ سے ہے، اُس پر زکوٰۃ ہے۔“

(فتاوی رضویہ، جلد10، صفحہ158، مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

خلیفہ اعلی حضرت مفتی محمد امجد علی اعظمی علیہ الرحمہ لکھتے ہیں: ”مالِ تجارت میں سال گزرنے پر جو قیمت ہو گی اس کا اعتبار ہے۔“

(بہار شریعت، جلد1، صفحہ907، مکتبۃ المدینہ کراچی)

واللہ اعلم عزوجل **و رسولہ اعلم** صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــہ

ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی

18شعبانُ المعظّم1445ھ/29فروری2024ء

نوٹ: مرکز الاقتصاد الاسلامی (Islamic Economics Centre) کی جانب سے وائرل ہونے والے کسی بھی فتوے کی تصدیق دار الافتاء اہلسنت اور مرکز الاقتصاد الاسلامی (Islamic Economics Centre) کی ویب سائٹ اور مرکز الاقتصاد الاسلامی کے فیس بک پیج islamicEconomicsCentre سے کی جاسکتی ہے۔
دار الافتاء اہل سنت ویب سائٹ www.daruliftaahlesunnat.net | مرکز الاقتصاد الاسلامی (Islamic Economics Centre) کی ویب سائٹ www.iecdawateislami.com

Email:appointment@iecdawateislami.com
ایڈریس: فیضان پلاٹ نزد حنفیہ مجاہدین مسجد متصل عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ